سوال

(930) نوکرانی کے لیے پردہ واجب ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا گھر میں کام کرنے والی نوکرانی کے لیے واجب ہے کہ وہ گھر کے مالک (مخدوم) سے پردہ کرے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

ہاں، نوکرانی کے لیے واجب ہے کہ اپنے مخدوم یعنی گھر کے مالک سے پردہ کرے، اور اس کے سامنے اپنی زیب وزینت اور سنگار ظاہر نہ کرے۔ اس کے لیے اس مالک کے ساتھ خلوت میں علیحدہ ہونا بھی حرام ہے۔ عمومی دلائل کا تقاضا یہی ہے۔ پردہ نہ کرنے اور اظہار زینت کا نتیجہ فتنے کی صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔ اور ایسے ہی علیحدگی میں اس کے پاس آنا جانا اس بات کا سبب بن سکتا ہے کہ شیطان ان دونوں کے لیے فتنے کو خوبصورت بنا دے۔ اور مدد اللہ ہی سے ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 657

محدث فتویٰ